تا خلافت کی بنا دُنیا میں ہو پھر اُستوار   لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تحریک خلافت پاکستان کا ترجمان

ہفت روزہ   لاہور

ندائے خلافت

بانی: اقتدار احمد مرحوم   ۲۳ تا ۲۹ نومبر ۲۰۰۰ء (۲۶ شعبان تا ۲ رمضان ۱۴۲۱ھ)   مدیر: حافظ عاکف سعید

رمضان المبارک کی آمد پر رسول اللہ ﷺ کا ایک خطبہ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ماہِ شعبان کی آخری تاریخ کو رسول اللہ ﷺ نے ہم کو ایک خطبہ دیا۔ اس میں آپ نے فرمایا:

"اے لوگو! تم پر ایک عظمت اور برکت والا مہینہ سایہ فگن ہو رہا ہے۔ اس مبارک مہینہ کی ایک رات (شب قدر) ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس مہینے کے روزے اللہ تعالیٰ نے فرض کئے ہیں اور اس کی راتوں میں بارگاہ خداوندی میں کھڑا ہونے (یعنی نماز تراویح پڑھنے) کو نفل عبادت مقرر کیا ہے (جس کا بہت بڑا ثواب رکھا ہے) جو شخص اس مہینے میں اللہ کی رضا اور اس کا قرب حاصل کرنے کے لئے کوئی غیر فرض عبادت (یعنی سنت یا نفل) ادا کرے گا تو اس کو دوسرے زمانہ کے فرضوں کے برابر ثواب ملے گا اور اس مہینہ میں فرض ادا کرنے کا ثواب دوسرے زمانہ کے ستر فرضوں کے برابر ملے گا۔ یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔ یہ ہمدردی اور غمخواری کا مہینہ ہے اور یہی وہ مہینہ ہے جس میں مومن بندوں کے رزق میں اضافہ کیا جاتا ہے۔ جس نے اس میں کسی روزہ دار کو (اللہ کی رضا اور ثواب حاصل کرنے کے لئے) افطار کرایا تو اس کے گناہوں کی مغفرت اور آتش دوزخ سے آزادی کا ذریعہ ہو گا اور اس کو روزہ دار کے برابر ثواب دیا جائے گا بغیر اس کے روزہ دار کے ثواب میں کوئی کمی کی جائے۔ آپ سے عرض کیا گیا کہ: یا رسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک کو تو افطار کرانے کا سامان حاصل نہیں ہوتا تو کیا غرباء اس ثواب سے محروم رہیں گے؟ آپ نے فرمایا کہ: اللہ تعالیٰ یہ ثواب اس شخص کو بھی دے گا جو دودھ کی تھوڑی سی لسی یا صرف پانی ہی کے ایک گھونٹ پر کسی روزہ دار کو روزہ افطار کرا دے۔ (رسول اللہ ﷺ نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے آگے فرمایا کہ) اور جو کوئی کسی روزہ دار کو پورا کھانا کھلا دے، اس کو اللہ تعالیٰ میرے حوض (یعنی کوثر) سے ایسا سیراب کرے گا جس کے بعد اس کو کبھی پیاس ہی نہیں لگے گی تا آنکہ وہ جنت میں پہنچ جائے گا۔ (اس کے بعد آپ نے فرمایا) اس ماہ مبارک کا ابتدائی حصہ رحمت ہے اور درمیانی حصہ مغفرت ہے۔ اور آخری حصہ آتش دوزخ سے آزادی ہے۔ (اس کے بعد آپ نے فرمایا) جو آدمی اس مہینے میں اپنے غلام و خادم کے کام میں تخفیف و کمی کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے گا اور اس کو دوزخ سے رہائی اور آزادی دے دے گا۔ (رواہ البیہقی فی شعب الایمان، ترجمہ از معارف الحدیث)

اس شمارے میں

☆ الہدیٰ اور فرمانِ نبویؐ 2
☆ گفتار کے غازی (اداریہ) 3
☆ روزہ اور تراویح کی غایت 4
☆ روزہ کے معارف و مسائل 6
☆ گوشۂ خلافت 7
☆ دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگرام 8
☆ Role of Daily Dawn 11
☆ افہام و تفہیم 12
☆ متفرقات ✪

نائب مدیر:
فرقان دانش خان
معاونین:
☆ مرزا ایوب بیگ
☆ مرزا ندیم بیگ
☆ نعیم اختر عدنان
☆ سردار اعوان
نگران طباعت:
☆ شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد
طابع: رشید احمد چوہدری
مطبع: مکتبہ جدید پریس۔ ریلوے روڈ، لاہور
مقام اشاعت: 36۔ کے، ماڈل ٹاؤن لاہور
فون: 3-5869501 فیکس: 5834000
سالانہ زرِ تعاون -/175 روپے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الھدیٰ

سورۂ فاتحہ (۱۰)

﴿ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ○ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ○ ﴾

(آمین یا رب العالمین)

"(اے رب ہمارے!) ہمیں ہدایت بخش سیدھی راہ کی۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تیرا انعام ہوا' جو نہ مغضوب ہوئے اور نہ گمراہ"۔

انسان کی دنیوی زندگی کے مختلف معاملات نہایت پیچیدہ ہیں اور ان مسائل میں جو باہم گتھے ہوئے ہیں' ایک اعتدال کی روش اور ایک متوازن طرز عمل انسان کی ہمیشہ سے ضرورت ہے اور اس کی یہ احتیاج ہمیشہ باقی رہے گی' اس لئے کہ تمدن کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ ان مسائل اور معاملات کی پیچیدگیاں بھی مسلسل بڑھتی چلی جاتی ہیں اور حیات انسانی کی یہ پیچیدگیاں اور ان کے گوناگوں تقاضے اور مطالبے اور ان کا آپس میں ٹکراؤ اور تصادم' یہ عقدہ ہائے لاینحل ہیں۔ اور یہ کسی انسان کے لئے ممکن نہیں ہے کہ وہ مجرد اپنی عقل اور تجربے کی بنیاد پر ان جملہ ساجی و معاشرتی اور سیاسی و معاشی مسائل کا متوازن و معتدل اور عادلانہ و منصفانہ حل تلاش کر سکے اور حیات اخروی کی برکتوں اور سعادتوں سے بھی پُرسکون طور پر ہمکنار ہو سکے۔ یہ در حقیقت انسان کی اہم ضرورت ہے جس کے لئے سلسلہ نبوت و رسالت اور انزال وحی کی ضرورت پیش آئی۔

انسان اپنی فطرت صحیحہ اور عقل سلیم کی رہنمائی میں توحید اور معاد تک رسائی حاصل کر سکتا ہے' لیکن زندگی کی پُرپیچ وادیوں میں سیدھی راہ کی تلاش' یہ انسان کے بس میں نہیں۔ اس کے لئے وہ مجبور ہے کہ گھٹنے ٹیک کر اپنے مالک سے ہدایت کی درخواست کرے' اس لئے کہ واقعہ یہ ہے کہ اس کے سوا کوئی چارہ نہیں اور یہی واحد ممکن راستہ ہے۔

اس ضمن میں اولین اور قدیم ترین مسئلہ یہ ہے کہ مرد اور عورت کے مابین حقوق اور فرائض کا صحیح توازن کیا ہے۔ مرد اور عورت کے درمیان توازن اور اعتدال و انصاف عقل انسانی کے بس میں نہیں ہے۔ اس لئے کہ انسان لازماً مرد ہو گا یا عورت' اور ان میں سے ہر ایک صرف اور صرف اپنی ہی مصلحتوں اور مفادات کو مدنظر رکھنے پر مجبور ہے۔ گویا یہاں انسان اُس فاطر فطرت کی رہنمائی کا محتاج ہے جس نے مرد اور عورت کی تخلیق کی ہے۔

دوسری مثال فرد اور اجتماعیت کے باہمی تعلق اور توازن سے متعلق ہے۔ ان دو انتہاؤں کے مابین توازن رکھنا نہایت کٹھن ہے' اور عقل انسانی اس کی صلاحیت نہیں رکھتی کہ وہ صحیح نقطہ عدل کا تعین کر سکے۔ یہی معاملہ معاشی مسائل کا بھی ہے' یعنی یہ کہ سرمائے اور محنت کے مابین صحیح توازن کیسے قائم کیا جائے اور اقتصادی معاملات میں عدل و انصاف کے تقاضے کیسے پورے کئے جائیں۔

یہ وہ تین بڑے مسائل ہیں جن کا متوازن و معتدل نظام بنانے سے انسان قاصر ہے۔ یہ وہ احتیاج ہے جس کے لئے وہ گھٹنے ٹیک کر اپنے پروردگار کے سامنے استدعا کرنے پر مجبور ہے کہ اے میرے رب! میں نے تجھے پہچان لیا' تیری توحید کو جان لیا اور اب تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ معتدل اور متوازن زندگی بسر کرنے کے لئے صراط مستقیم مجھ پر واضح فرما! ہدایت کی یہی درخواست ایمان بالرسالت کی عقلی بنیاد ہے' کیونکہ اس ہدایت ربانی کو انسان تک پہنچانے کے منصب جلیل پر رسولوں کی مقدس جماعت فائز ہوتی رہی ہے۔ اور اس سلسلہ کی آخری کڑی خاتم النبیین' سید المرسلین' ہادی آخر الزمان جناب محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔

فرمان نبویؐ

عالم کون؟

((عَنْ سُفْیَانَ اَنَّ عُمَرَ قَالَ لِکَعْبٍ: مَنْ اَرْبَابُ الْعِلْمِ؟ قَالَ: الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ بِمَا یَعْلَمُوْنَ' قَالَ: فَمَا اَخْرَجَ الْعِلْمَ مِنْ قُلُوْبِ الْعُلَمَاءِ؟ قَالَ: الطَّمَعُ)) (دارمی)

"حضرت سفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: علم والے کہلانے کے کون حقدار ہیں؟ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو علم کے مطابق عمل کرنے والے ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پھر پوچھا: علماء کے دلوں سے علم کو نکالنے والی کون سی چیز ہے؟ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: طمع اور لالچ"۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی فرمائی ہوئی چیزیں حقیقت کو کس قدر بیان کرنے والی ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی چیز کو حق مان کر لوگوں کے سامنے پیش کر رہا ہے لیکن خود اس پر عمل پیرا نہیں ہے تو بیان کردہ چیز کے حق ہونے میں شک کیا جا سکتا ہے' یا پھر وہ انسان کذب بیانی کا مرتکب ہو رہا ہو۔ انسان جس چیز کو حق سمجھتا ہے اس پر اس کا عامل ہونا لازم ہو جاتا ہے اور اگر ایسا نہیں ہے تو وہ شخص جھوٹ بول رہا ہے یا پھر اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق وہ اللہ کا غضب اور ناراضگی مول لے رہا ہے۔ بالفاظ قرآن حکیم ﴿ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ○ کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰہِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴾ "اے ایمان والو! کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو؟ اللہ کے نزدیک یہ بات سخت ناراضگی اور غصے والی ہے کہ تم وہ بات کہو جو کرتے نہیں"۔ آج امت مسلمہ کا بھی یہی حال ہے کہ اس کی اکثریت زبان سے اللہ تعالیٰ کے رب ہونے کا اور محمد رسول اللہ ﷺ کے رسول ہونے کا اقرار تو کرتی ہے لیکن اس پر عمل نہیں کر رہی' اس لئے کہ اس پر ان کا یقین نہیں ہے۔ خصوصاً علماء دین کا معاملہ یہ ہے کہ عام مسلمان ان کے کردار کو دیکھ کر اُن کی باتوں کی صداقت پر یقین کرتے ہیں' مگر آج ان کی بے عملی کی وجہ سے لوگ شک و شبہ میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور یہ حالت اسی وجہ سے ہوئی ہے جو مذکورہ بالا حدیث مبارکہ کے دوسرے سوال کے جواب میں فرمائی گئی ہے کہ علم کو دلوں سے نکالنے والی چیز حرص و طمع ہے۔ جب دنیا کا لالچ آ گیا تو صداقت پھر کیسے موجود رہے اور کیسے بیان ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمارے رہبروں کے دلوں کو لالچ دنیا سے دُور کرے اور ان کو واقعی صاحب علم بنائے تاکہ پیروکار اُن کی باتوں کو حق سمجھ کر اسلام اور قرآن کی طرف رجوع کرنے والے بن جائیں اور امت مسلمہ پھر زندہ ہو جائے۔ اور اس دوبارہ زندگی کے لئے ضروری ہے کہ ہم اللہ کے عطا کردہ نظام کے نفاذ کی جدوجہد کو اپنی زندگی کا مقصد اولین بنالیں' یعنی ؎

مری زندگی کا مقصد ترے دیں کی سرفرازی
میں اسی لئے مسلماں' میں اسی لئے نمازی

(تشریح: چوہدری رحمت اللہ بٹر)

مرزا ایوب بیگ

گفتار کے غازی

ستمبر ۱۹۶۹ء میں جب رباط میں پہلی اسلامی کانفرنس منعقد ہوئی تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مسلمان ممالک نے بہت بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ غیر مسلم دنیا بھی مبہوت رہ گئی بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ کسی قدر خوفزدہ ہو گئی تو مبالغہ نہیں ہو گا۔ انہیں یہ خدشہ پیدا ہو گیا کہ کہیں مسلم دنیا ایک گروپ کی صورت اختیار نہ کر لے۔ اگر مسلم دنیا کے وسائل اور افرادی قوت یکجا ہو گئی تو تیسری قوت وجود میں آجائے گی۔ مشرق وسطیٰ کے مسلم ممالک جو تیل کی دولت سے مالا مال ہیں ان کا استحصال نہیں کیا جاسکے گا۔ دوسری سربراہ کانفرنس جو ۱۹۷۴ء میں لاہور میں منعقد ہوئی اس لحاظ سے اہم تھی کہ ذوالفقار علی بھٹو اور شاہ فیصل متضاد ذہنی رجحانات رکھنے کے باوجود مسلم دنیا کے اتحاد کے لئے مشترکہ طور پر سرگرم تھے۔ پھر یہ کہ تیل کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی بات عرب ممالک کو خوب سمجھ آچکی تھی اور اس پر عمل درآمد بھی شروع ہو چکا تھا۔

مسلم اتحاد دونوں سپر پاوروں کے سیاسی غلبہ کے لئے خطرہ تھا جبکہ تیل کی گرانی یورپ اور امریکہ کی معیشت کو بدحال کر سکتی تھی۔ لہٰذا دونوں سپر پاورز خصوصاً امریکہ نے ممکنہ مسلم اتحاد کے خلاف سازشوں کے جال بچھانا شروع کئے۔ پہلا کام یہ کیا کہ مسلم دنیا کے اتحاد کے مبلغ شاہ فیصل کو شہید کرایا۔ ایران عراق جنگ میں پس پردہ اہم رول ادا کیا۔ عراق کو کویت پر چڑھ دوڑنے کی ترغیب دی پھر اس جنگ کو مشرق وسطیٰ میں اپنی عسکری موجودگی کا عذر بنا لیا۔ مختلف مسلمان ممالک میں حکومتوں کے تختے الٹا دیئے۔ اس سے مسلمان ممالک کے حکمرانوں کو یہ باور کرایا کہ ان کا اقتدار امریکہ کی رضا اور خوشنودی سے منسلک ہے۔ بدقسمتی سے مسلم دنیا میں شاہ فیصل شہید کے بعد کوئی ایسی شخصیت ابھر کر سامنے نہ آسکی جو مسلم اتحاد کو ایک حقیقت بنانے کی صلاحیت رکھتی۔ ۱۹۷۳ء کی جنگ کے آغاز میں اگرچہ مصر نے اسرائیل پر برتری حاصل کر لی تھی لیکن امریکی مدد سے جس طرح آخر میں جنگ کا نقشہ بدلا' اس نے انور سادات کا قبلہ ہی تبدیل کر دیا۔ اس نے اسرائیل کو تسلیم کر کے مکمل سفارتی تعلقات قائم کر لئے اور خود کو مکمل طور پر امریکہ کے سپرد کر دیا۔ لہٰذا تیسری اسلامی سربراہی کانفرنس سے لے کر حالیہ نویں اسلامی سربراہ کانفرنس تک تمام کانفرنسیں "بڑوں کا میلہ" بن کر رہ گئیں۔ دوحہ کانفرنس میں چھپن (۵۶) اسلامی ممالک کے وفود نے شرکت کی' جو بارہ ہزار افراد پر مشتمل تھے۔ ان کے لئے سرکاری سطح پر شاندار رہائش گاہوں کا بندوبست کیا گیا تھا۔ آٹھ ہزار گاڑیاں ان کی خدمت کے لئے ہر وقت موجود رہتی تھیں۔ ان کی سیکورٹی کے لئے قطر نے اپنے تمام وسائل جھونک دیئے تھے لیکن اسرائیل کے خلاف چند پرجوش تقاریر سننے کے سوا عملی طور پر کچھ نہ ہوا۔ اور نہ ہی مسلم اتحاد کو ایک حقیقی شکل دینے کے لئے کوئی منصوبہ بندی ہوئی۔ کشمیریوں سے بھی پرزور انداز میں اظہار یکجہتی کیا گیا اور یہ بھی طے کیا گیا کہ او آئی سی ایک خصوصی مشن کشمیر بھیجے گی۔

یہود و ہنود اور اُن کے سرپرست اِن پرجوش اور زوردار تقریروں سے خوفزدہ ہونے سے رہے۔ ادھر مسلم زعماء کا حال یہ ہے کہ مصر کے صدر حسنی مبارک نے عرب لیگ کے اجلاس میں ایسا موقف اختیار کیا کہ خود اسرائیلی وزیر اعظم ایہود باراک نے انہیں مبارک باد دی اور شکریہ ادا کیا جبکہ اسلامی سربراہ کانفرنس میں بھی موصوف نے شرکت کرنے کی زحمت بھی گوارا نہیں کی۔ ترکی پہلے ہی اسرائیل سے خوشگوار تعلقات رکھتا ہے۔ مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ میزبان ملک قطر' اسرائیل سے سفارتی تعلقات رکھتا تھا۔ یہ تعلقات ایران اور سعودی عرب کے سربراہ کانفرنس کے بائیکاٹ کرنے کی دھمکی پر منقطع کئے گئے۔ شنید یہ ہے کہ کانفرنس کے بعد قطر اسرائیل سے پھر سفارتی تعلقات بحال کر لے گا۔ دوسری طرف بھارت کی انتہا پسند ہندو حکومت کشمیری نوجوانوں کے خون سے وادی کشمیر کو رنگین کر رہی ہے۔ سات لاکھ بھارتی فوج مسلمان عورتوں کی عزت چاک کر رہی ہے۔ معصوم بچے یتیم اور بے سہارا ہو رہے ہیں لیکن مسلمان ممالک کے سربراہ اسے پاکستان کا مسئلہ سمجھتے ہیں وہ بھارت سے اپنے تعلقات میں رخنہ نہیں ڈالنا چاہتے۔

ہم پورے وثوق سے کہتے ہیں کہ آج بھی اگر امت مسلمہ اپنے وسائل اور افرادی قوت مجتمع کر لے اور اس قرآنی حکم کے مطابق عمل کرے کہ "اور تم لوگ جہاں تک تمہارا بس چلے زیادہ سے زیادہ طاقت اور تیار بندھے رہنے والے گھوڑے ان کے مقابلے کیلئے مہیا رکھو"۔ (الانفال: ۶۰) تو آج بھی فرشتے ہماری نصرت کو اُتر سکتے ہیں۔ پھر یقیناً فتح ہماری ہو گی' اٹل اور فیصلہ کن فتح۔

آج کا دور اقتصادیات کا دور ہے جو قوم اقتصادی طور پر نڈھال ہو گئی وہ ہر محاذ پر شکست کھا جائے گی۔ اگر امت مسلمہ کے قائدین اللہ پر بھروسہ کر کے یہ فیصلہ کر لیں کہ :

(۱) وہ اپنا سرمایہ امریکہ اور یورپ کے بینکوں میں نہیں رکھیں گے۔

(۲) تیل کی پیداوار میں کمی بیشی صرف اپنے مفادات کو پیش نظر رکھ کر کریں گے اور بڑی طاقتوں کو اس معاملے میں دخل اندازی نہیں کرنے دیں گے۔

(۳) اسرائیل اور بھارت سے اس وقت تک اپنے سفارتی و تجارتی تعلقات منقطع رکھیں گے جب تک وہ فلسطین اور کشمیر کے مسئلے پر اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد نہیں کرتے۔

(۴) تمام بھارتیوں کو مسئلہ کشمیر کے حل تک عرب ممالک سے نکال دیا جائیگا۔

(۵) پاکستان کی ایٹمی صلاحیت امت مسلمہ کی حفاظت کیلئے استعمال کی جائے گی اور پاکستان دوسرے اسلامی ممالک کو ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے میں مدد دے گا۔

ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر امت مسلمہ استقامت کے ساتھ ان فیصلوں پر ڈٹ جائے تو غیر مسلم دنیا زیادہ دیر تک اس کے راستے کا پتھر نہیں بن سکے گی لیکن ان فیصلوں کے لئے اصل ضرورت تجدید ایمان کی ہے اور تعلق مع اللہ قائم کرنے کی ہے۔ اس عظیم کام کو سرانجام دینے کے لئے جس جرأت کی ضرورت ہے وہ صرف نبی اکرم ﷺ کے حقیقی پیروکار بننے سے ہی پیدا ہو سکتی ہے۔ ہمیں آج کتاب زندہ کو تھام لینے اور اپنا امام بنا لینے کی ضرورت ہے۔ اگر یہ سب کچھ نہ ہوا تو پھر بابا سب کہانیاں ہیں اور ہم گفتار کے غازی پیدا کرتے رہیں گے۔

روزہ اور تراویح کی غرض و غایت

امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کے دروس قرآنی سے ماخوذ

سورۃ البقرہ کی آیت ۱۵۳ قرآن مجید کی ان آیات میں سے ہے جن کا ترجمہ ہر مسلمان کو یاد ہے۔ یعنی "اے مسلمانو! مدد حاصل کرو صبر سے اور نماز سے "یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔" مراد یہ ہے کہ اللہ کی مدد اور تائید و حمایت صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ورنہ یوں تو اللہ ہر جگہ اور ہر آن موجود ہے جیسا کہ قرآن حکیم میں فرمایا گیا "تم جہاں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہے۔" یہاں اصل قابل توجہ بات یہ ہے کہ وہ کون سا اہم اور بھاری کام ہے جس کی انجام دہی کے لئے صبر اور نماز سے مدد حاصل کرنے کی تلقین فرمائی گئی ہے۔

انسانی زندگی میں اکثر ایسے مرحلے آتے ہیں جب ایک انسان کے لئے صبر کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوتا لیکن یہاں معلوم ہوتا ہے کوئی خاص مقصد پیش نظر ہے۔ جس کے لئے مسلمانوں کو تیار کیا جا رہا ہے اس مقصد کا تعین البقرہ ہی کی آیت ۱۴۳ میں "شہادت علی الناس" کے الفاظ میں ہوا یعنی اپنے قول و عمل سے اللہ کے دین کی گواہی اس طور سے دینا کہ انسان پر حجت قائم ہو جائے۔ سورۂ آل عمران میں اسی مقصد کو ان الفاظ میں بیان فرمایا گیا "تم وہ بہترین امت ہو جسے لوگوں پر (اتمام حجت) کی خاطر برپا کیا گیا ہے تم نیکی کا حکم دیتے ہو' بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر پختہ یقین رکھتے ہو۔" یعنی امت مسلمہ کا مقصد وجود ہی دین کی گواہی دینا' نیکی کا حکم کرنا اور بدی سے روکنا ہے۔ بلاشبہ یہ ایک نہایت عظیم مشن ہے جو امت مسلمہ کو سونپا گیا اور یہ عام فہم بات ہے کہ کوئی شے اگر وہ مقصد پورا نہیں کرتی جس کے لئے وہ بنی ہے تو اسے آخر کار کوڑے میں پھینک دیا جاتا ہے۔ بنی اسرائیل کی مثال ہمارے سامنے ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کو فضیلت عطا کرتا ہے تو اس پر اسی نسبت سے ذمہ داری کا بوجھ بھی ڈال دیتا ہے ؏

جن کے رتبے ہیں سوا ان کی سوا مشکل ہے

یعنی اگر وہ قوم غیر ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کرے تو اس کی سزا بھی نہایت سخت ہوتی ہے خواہ اسے اپنے بارے میں کتنا ہی زعم کیوں نہ ہو جیسا بنی اسرائیل کو تھا کہ "ہم اللہ کے بیٹوں کی مانند ہیں اور اس کے چہیتے اور لاڈلے ہیں۔" لیکن وہ اپنی ذمہ داریوں سے پہلو تہی کی پاداش میں اللہ کے غضب کے حقدار ٹھہرے۔

دوسری قابل توجہ بات یہ ہے کہ جس طرح امت مسلمہ کی تشکیل ایک خاص مقصد اور مشن کے لئے ہوئی ہے اسی طرح تمام عبادات بھی خاص مقاصد کے لئے فرض فرمائی گئی ہیں۔ وہ مقصد اگر پیش نظر نہیں ہے اور اس کے حصول کے لئے کوئی جدوجہد نہیں ہو رہی تو ان عبادات کے مفہوم اور معانی سمجھ میں نہیں آسکتے۔ نماز کے بارے میں سب جانتے ہیں کہ اسلام کا رکن رکین ہے۔ جسے نبی اکرم ﷺ نے "عماد الدین" قرار دیا۔ قرآن مجید میں اس کے اصل مقصد کی تعیین ان الفاظ میں ہوئی کہ "نماز کو قائم کرو میری (اللہ کی) یاد کے لئے" گویا نماز در اصل اللہ کی یاد اور ایمان کی تقویت کا ذریعہ ہے۔ اور اسی وجہ سے اسے مسلمانوں پر فرض کیا گیا ہے۔ روزے کی عبادت کا مقصد کیا ہے؟۔ یہ عبادت مسلمانوں پر کیوں فرض کی گئی اور اس کا قرآن حکیم سے کیا تعلق ہے ان باتوں کو بھی اللہ نے مبہم نہیں چھوڑا۔ روزے سے متعلقہ جملہ مضامین' تمام

ڈاکٹر اسرار احمد

احکام اور حکمتیں قرآن مجید میں سورۂ بقرہ کے ۲۳ ویں رکوع میں جو چھ آیات پر مشتمل ہے یکجا ہو کر آگئے ہیں' جبکہ نماز' زکوٰۃ اور حج کا ذکر ہمیں قرآن مجید میں متفرق مقامات پر منتشر طور پر ملتا ہے۔ لہٰذا ان چھ آیات کو اگر سمجھ لیا جائے تو ارکان اسلام میں سے اس ایک رکن یعنی روزہ کے بارے میں قرآن حکیم کی ہدایت و رہنمائی واضح انداز میں ہمارے سامنے آجائے گی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے "اے ایمان والو! تم پر روزہ فرض کیا گیا ہے جیسا کہ یہ فرض کیا گیا تھا ان لوگوں پر جو تم سے پہلے تھے" عرب کے

روزے کی فرضیت امت محمدؐ سے پہلے تمام امتوں میں موجود رہی ہے

لوگ چونکہ روزے کی عبادت سے واقف نہیں تھے لہٰذا فرمایا گیا کہ یہ کوئی نیا حکم نہیں ہے پہلی امتوں پر بھی روزہ رکھنا لازم کیا گیا تھا۔ یہاں واضح رہے کہ روزوں کی تعداد اور آداب و شرائط کے اعتبار سے سابقہ انبیاء و رسل کی شرائع میں جزوی فرق رہا ہے' البتہ روزے کی فرضیت ہر امت میں موجود رہی ہے۔ آگے فرمایا "تاکہ تم میں تقویٰ پیدا ہو جائے۔" گویا روزے کی عبادت کا اصل مقصد تقویٰ کا حصول ہے اور تقویٰ وہ شے ہے جو نیکی اور خیر کے تمام کاموں کے لئے جز او بنیاد ہے۔

انسان کی روحانی ترقی کا تمام تر دارومدار تقویٰ پر ہے۔ روحِ انسانی کی بالیدگی کے لئے ضروری ہے کہ نفس کے اس منہ زور گھوڑے کو لگام دی جائے جو انسان کو گناہوں کی دلدل اور پستی کی طرف دھکیلنے کے لئے ہر دم مستعد رہتا ہے۔ نفس پہ قابو یافتہ ہونے کے لئے تقویٰ شرط لازم ہے۔ روزہ کی عبادت اسی لئے فرض کی گئی ہے تاکہ تقویٰ پیدا ہو۔ تقویٰ کے معنی ہیں بچ بچا کر اس طرح چلنا کہ انسان کا دامن کہیں گناہ سے آلودہ نہ ہو جائے۔ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک جو مشق کرائی جاتی ہے اس کا حاصل ہے ضبط نفس۔ روزے میں انسان کو ایک خاص وقت کے لئے حلال چیزوں کے استعمال سے بھی روک دیا جاتا ہے۔ یہ درحقیقت اللہ کی نافرمانی سے بچنے اور امر و نواہی پر استقلال کے لئے اپنے نفس امارہ کو قابو میں رکھنے کی تربیت ہے۔

اگلی آیت کا مفہوم ہے "(روزہ رکھنے کے لئے) گنتی کے چند دن ہی تو ہیں اور جو روزہ رکھنے کی طاقت رکھتے ہیں (پھر نہ رکھیں) تو ان کے ذمے (ایک روزہ کا) کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے اور اگر تم روزہ رکھو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم سمجھ سے کام لو۔" اس آیت کے ضمن میں مختلف تفسیری آراء ہیں لیکن میرے نزدیک یہ رائے زیادہ صحیح ہے کہ یہ آیت رمضان کے روزے سے متعلق نہیں بلکہ ایام بیض کے تین روزوں سے متعلق ہے جو ماہِ صیام کی فرضیت سے قبل مسلمانوں کے لئے لازم کئے گئے تھے۔

تیسری آیت میں ماہ رمضان کے روزوں کی فرضیت کا حکم ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ اگلی تین آیات کچھ عرصے کے بعد نازل ہوئیں لیکن مضمون سے مناسبت ہونے کی وجہ سے ان آیات کو اسی مقام پر شامل کر دیا گیا۔ ارشاد ہوتا ہے: "رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو لوگوں کے لئے سراسر ہدایت (ھُدًی لِّلنَّاس) اور رحمت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے جو راہ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ

روزے کی عبادت کا مقصد دراصل ہدایت ربانی کی طلب پیدا کرنا ہے

دینے والی ہیں۔ پس جو کوئی بھی تم میں سے اس مہینہ میں موجود ہو اس پر لازم ہے کہ وہ اس ماہ کے روزے رکھے"

یہ آیت صوم رمضان کی فرضیت کے بارے میں ہے۔ یہاں اس اہم بات پر غور کیجئے کہ روزوں کے لئے سال کے بارہ مہینوں میں سے خواہ کوئی مہینہ بھی مقرر کیا جاتا ضبط نفس کا مقصد حاصل ہو جاتا۔ اس عظیم عبادت کے لئے ماہ رمضان کا انتخاب درحقیقت اس لئے کیا گیا ہے کہ یہ نزول قرآن کا مہینہ ہے۔ معلوم ہوا کہ روزہ اور قرآن میں باہم بڑا گہرا معنوی ربط ہے۔ روزے کے ذریعے انسان کے روحانی وجود پر سے اس کے حیوانی وجود کی گرفت کمزور پڑتی ہے اور روح کو سانس لینے کا موقع ملتا ہے۔ قرآن دراصل روح کی تقویت کا موثر ترین ذریعہ ہے۔ اس کے انوار کا فیضان جب روح انسانی پر ہوتا ہے تو روح کو حیاتِ تازہ عطا ہوتی ہے اور وہ اپنے رب کی طرف بے تابی کے ساتھ متوجہ ہوتی ہے اس سے یہ بات واضح ہو گئی کہ ماہِ رمضان کو روزہ کی عبادت کے ساتھ مخصوص کرنے کا اصل منشا اور مقصود یہ معلوم ہوتا ہے کہ دن کے وقت روزہ ہو اور راتیں قرآن مجید کے ساتھ بسر ہوں۔ گویا یہ ایک دو آتشہ پروگرام ہے۔ لیکن ظاہر ہے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ میں بیس تراویح ختم کر لینے سے قرآن مجید کے ساتھ رفاقت کا مقصد پورے طور پر حاصل نہیں ہو سکتا۔ جس کا اشارہ صحیحین کی اس حدیث سے ملتا ہے جس کی رو سے صیام اور قیام بالکل ہم وزن اور متوازی و مساوی قرار پاتے ہیں۔ امام بخاری ؒ اور امام مسلم ؒ نے حضرت ابو ہریرہ ؓ سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "جس نے روزے رکھے رمضان میں ایمان و احتساب کے ساتھ بخش دیئے گئے اس کے تمام سابقہ گناہ اور جس نے راتوں کو قیام کیا رمضان میں ایمان و احتساب کے ساتھ بخش دیئے گئے اس کے جملہ سابقہ گناہ"۔

آگے ارشاد ربانی ہے: "اور جو کوئی بیمار ہو یا سفر پر ہو تو وہ دوسرے دنوں میں روزے رکھ کر گنتی پوری کر لے" یعنی بیمار اور مسافر کے لئے تو سابقہ رعایت کو برقرار رکھا گیا ہے لیکن ایام بیض کے روزوں کے حکم کے ساتھ فدیہ کی جو رعایت دی گئی تھی کہ طاقت رکھتے ہوئے بھی اگر کوئی روزہ نہ رکھنا چاہے تو بطور فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلائے اسے اب منسوخ کر دیا گیا۔ تاہم نبی اکرم ؐ نے خاص معاملات میں اس رعایت کو برقرار رکھا جیسے کوئی شخص بہت بوڑھا ہو گیا ہو یا ایسا کوئی دائمی مریض ہو کہ صحت یاب ہونے کی کوئی امید نہ ہو تو وہ اس رعایت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

آگے فرمایا "اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور تمہارے لئے دشواری و سختی اور تنگی نہیں چاہتا۔" یعنی بیماری اور سفر میں دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرنے کی جو رعایت بیان ہوئی ہے اس سے اللہ کا مقصود بندوں کے حق میں آسانیاں فراہم کرنا ہے۔ یہاں یہ بات بھی جان لیجئے کہ آیت کے اس حصہ میں "یسر و عسر" کا معاملہ صرف صیام پر ہی موقوف نہیں ہے۔ اللہ کا ہر حکم درحقیقت بندوں کے حق میں رحمت اور مصلحت پر مبنی ہے۔ آگے فرمایا "اور تاکہ تم اپنے رب کی تکبیر کرو اس بات پر کہ اس نے تمہیں راہ راست دکھائی ہے اور تاکہ تم شکر گزار بن کر رہو"۔

ان آیات میں اوپر قرآن مجید کی شان میں "ھدی للناس" کے الفاظ آئے ہیں یعنی یہ قرآن پاک تمام انسانوں کے لئے ہدایت کا روشن چراغ بن کر نازل ہوا ہے تاہم یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ قرآن مجید کے آغاز میں یعنی سورۂ بقرہ کے بالکل شروع میں اسے "ھدی للمتقین" قرار دیا گیا ہے جبکہ یہاں قرآن کو ساری انسانیت کی رہنمائی کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ اس اشکال کا حل یہ ہے کہ قرآن میں اگرچہ فی نفسہ ہدایت کا مکمل سامان پوری نوع انسانی کیلئے موجود ہے لیکن اس چشمہ ہدایت سے بالفعل سیراب وہی ہو سکے گا جس میں تقویٰ کی کچھ نہ کچھ رمق اور تلاش حق کی کچھ نہ کچھ طلب موجود ہو گی۔ وہی تقویٰ جس کا ذکر روزہ کی بحث میں بالکل شروع میں آچکا ہے۔ آپ کو معلوم ہے جب تک پیاس نہ ہو ٹھنڈے پانی کی قدر انسان کو محسوس نہیں ہوتی۔ اسی طرح اگر بھوک ہی نہ ہو تو عمدہ سے عمدہ کھانا سامنے پڑا رہے گا۔ انسان کا ہاتھ اس کی طرف نہیں بڑھے گا معلوم ہوا کہ جب تک طلب نہ ہو اس وقت تک کسی شے کی قدر و قیمت کا احساس نہیں ہوتا چنانچہ روزے کی عبادت کا مقصد دراصل ہدایت کی طلب پیدا کرنا ہے۔ اور وہ اس طرح کہ

روزے سے "روح" بیدار ہو گی اور تقویٰ کی کچھ پونجی انسان کے ہاتھ آئے گی اس کیفیت میں رات کو قرآن کے ساتھ جب اللہ کے حضور کھڑے ہوں گے تو یہ قرآن مجید یہ کلام ربانی روح کے تغذیہ و تقویت کا باعث بنے گا جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا۔ روح کو جب غذا ملے گی تو وہ قوی اور توانا ہو کر اللہ کی طرف متوجہ ہو گی۔ اس کا جو نتیجہ نکلے گا اس کا بڑا پیارا بیان اگلی آیت ۱۸۶ میں ہے فرمایا "اور اے نبی جب میرے بندے میرے بارے میں آپ سے سوال کریں تو آپ کہہ دیجئے میں قریب ہی ہوں میں تو ہر پکارنے والے کی بات سنتا ہوں جب مجھے پکارے" گویا ۔

اللہ تعالیٰ تک رسائی کے لئے کسی وسیلے اور واسطے کی ضرورت نہیں

ہم تو مائل بہ کرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں
راہ دکھلائیں کسے رہرو منزل ہی نہیں

اللہ کے بارے میں خواہ مخواہ یہ تصور قائم کر لیا گیا ہے کہ اس تک رسائی کے لئے کوئی وسیلہ اور واسطہ درکار ہے۔ حالانکہ قرآن صاف صاف بتا رہا ہے کہ اللہ تمہارے بالکل قریب ہے جب اور جہاں چاہو اس سے ہمکلام ہو جاؤ۔ اصل مسئلہ طلب کا ہے۔ تاہم آیت کے اگلے حصہ میں دو شرطوں کا بیان ہے یعنی یہ یکطرفہ معاملہ نہیں ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ: "اور تم اس عہد کو پورا کرو جو تم نے مجھ سے کیا ہے میں اس عہد کو پورا کروں گا جو میں نے تم سے کیا ہے" جیسا کہ اسی سورہ میں ایک دوسرے مقام پر یہ ارشاد ربانی بھی موجود ہے: "تم مجھے یاد رکھو میں تمہیں یاد رکھوں گا" اور سورہ ابراہیم میں فرمایا "اگر تم ہمارا شکر کرو گے تو ہم تمہیں اور زیادہ نعمتیں دیں گے اور اگر تم نے ناشکری کی تو پھر ہمارا عذاب بھی بڑا سخت ہو گا"۔

ہم مسلمانان پاکستان نے بھی ایک وعدہ اللہ سے کیا تھا "پاکستان کا مطلب کیا۔ لا الہ الا اللہ" اللہ نے ہمیں پاکستان عطا کر دیا ہمارے لئے سوچنے کی بات ہے کہ اس کے بعد ہم نے کتنا کچھ اللہ کا شکر ادا کیا؟

بہرحال دوسری شرط ہے "انہیں بھی چاہئے کہ مجھ پر ایمان پختہ رکھیں" اس آیہ مبارکہ کا اختتام ان الفاظ پر ہوتا ہے "تاکہ لوگ راہ یاب ہو سکیں" یعنی ان پر فوز و فلاح اور رشد و ہدایت کی راہیں کھل جائیں۔

اس رکوع کی آخری آیت میں اس حقیقت کی جانب رہنمائی کی گئی ہے کہ تقویٰ جو روزے کا حاصل ہے اس کا عملی ظہور کس طور سے ہو گا' نہایت واشگاف الفاظ میں اسے معین کر دیا گیا ہے کہ وہ ہے اکل حلال۔ اگر یہ نہیں تو انسان خواہ شکل و صورت اور وضع قطع کے لحاظ سے کتنا ہی متقی نظر آتا ہو فی الحقیقت تقویٰ کی دولت اسے حاصل نہیں۔ اللہ تعالیٰ مجھے اور آپ کو توفیق دے کہ ہم اس ماہ مبارک کی برکات سے صحیح طور پر مستفید ہو سکیں اور تقویٰ کی دولت کے حصول کے اس بہترین موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں ۔

ضرورتِ رشتہ

عمر ۲۱ سال' تعلیم ایف اے' صوم و صلوٰۃ کی پابند' باپردہ لڑکی کے لئے دیندار گھرانے کے ترجیحاً تنظیم سے منسلک لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔

رابطہ: مدیر ندائے خلافت' لاہور فون: 5869501

روزے کی عبادت اور اس کے معارف و مسائل

رحیم الدین شیخ

(فاضل دار العلوم کراچی)

روزہ اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ہے اور اس کی فرضیت کا دل سے قائل ہونا مسلمان ہونے کے لئے ضروری و لازمی ہے۔ قرآن حکیم میں ارشاد خداوندی ہے ﴿ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ ﴾ یعنی اے اہل ایمان تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں۔ رمضان کے روزوں کی فرضیت کا انکار کفر ہے اور جان بوجھ کر روزہ نہ رکھنے والا گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوتا ہے اور یہ ایسا گناہ ہے جو کہ صرف توبہ سے معاف نہیں ہوتا بلکہ توبہ کے ساتھ ساتھ اس کی قضاء بھی لازمی ہے۔

اصطلاح شریعت میں روزہ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک کھانے پینے اور شہوانی خواہشات سے بچے رہنے کو کہتے ہیں۔ روزہ کے صحیح ہونے کے لئے نیت ضروری ہے نیت کے بغیر تمام دن بھوکا پیاسا رہا تو روزہ نہ ہوگا۔ رمضان المبارک کے روزہ میں بس اتنی نیت کر لینی کافی ہے کہ آج میرا روزہ ہے۔

اس تحریر میں ہم روزہ کی غرض و غایت کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ اس کے احکام و مسائل پر بھی روشنی ڈالیں گے۔

روزے کی غرض و غایت خود خالق کائنات نے یوں ارشاد فرمائی "لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ" تاکہ تمہارے اندر تقویٰ پیدا ہو جائے' تقویٰ کے معنی بچنے کے ہیں۔ یعنی انسان میں اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل پیرا ہونے اور اس کی منع کی ہوئی چیزوں سے بچنے کی عادت و صلاحیت پیدا ہو۔ اور روزے کی حالت میں ان چیزوں پر عمل ہو رہا ہو اور ضبط نفس کی صلاحیت پروان چڑھ رہی ہو تو اس پر اللہ کا شکر کرنا چاہئے اور اگر خدانخواستہ اس کے برعکس عمل ہو رہا ہو تو اس کے متعلق حضور ﷺ کا یہ فرمان چونکا دینے والا ہے: ((من لم یدع قول الزور والعمل به فلیس لله حاجة ان یدع طعامه و شرابه)) جس کسی نے روزہ کی حالت میں بھی جھوٹ بولا اور غلط کام کئے تو اللہ کو اس کے بھوکے پیاسے رہنے کی ضرورت نہیں۔ اسی طرح ایک دوسری حدیث میں ارشاد ہے: ((کم من صائم لیس له من صیامه الا الظما و کم من قائم لیس له من قیامه الا السحر)) "کتنے ہی روزہ دار ایسے ہیں جن کو روزہ سے صرف پیاس کے اور قیام اللیل سے صرف رات کے جاگنے کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا"۔ یہ ایسے لوگ ہیں جو روزہ رکھ کر بھی احکامات خداوندی سے روگردانی کرتے ہیں۔

کتنے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو روزہ رکھتے ہیں اس طرح سے جیسے اللہ اور اس کے رسول ؐ نے حکم دیا ہے تو ان

روزہ طلوعِ فجر سے غروبِ آفتاب تک کھانے پینے اور شہوانی خواہشات سے بچنے کو کہتے ہیں

کے متعلق احادیث میں یہ خوشخبری وارد ہوئی ہے: ((من صام رمضان ایمانًا و احتسابا غفرله ما تقدم من ذنبه ومن قام رمضان ایمانًا و احتسابا غفرله ما تقدم من ذنبه)) یعنی جو لوگ رمضان کے روزے ایمان و اجر کی نیت کے ساتھ رکھیں گے ان کے گزشتہ سب گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور ایسے ہی لوگ ایمان و احتساب کے ساتھ رمضان کی راتوں میں نوافل (تراویح و تہجد) پڑھیں گے ان کے بھی پچھلے سب گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ ہمیں ایسے لوگوں میں شامل فرما دے۔

روزہ کی حالت میں خوشبو لگانے' سر میں تیل لگانے' آنکھوں میں سرمہ لگانے غسل کرنے (خواہ کئی بار ہی کیوں نہ ہو) انجکشن لگوانے' کان میں پانی کے چلے جانے' دانتوں سے خون کے نکلنے سے یا سوتے میں احتلام ہو جانے اور تھوک نگلنے اور بھولے سے کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اسی طرح اگر خود بخود قے آ جائے تو بھی روزہ نہیں ٹوٹتا۔

سگریٹ' بیڑی' حقہ وغیرہ پینے اور کلی کرتے ہوئے اگر پانی غلطی سے حلق میں چلا جائے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے اس لئے ان معاملات میں احتیاط ضروری ہے اسی طرح قصداً قے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اگر کسی نے روزہ کی حالت میں بھول کر کھا پی لیا اور پھر یہ سمجھ لیا کہ میرا روزہ ٹوٹ گیا اور پھر کھا پی لیا تو روزہ ٹوٹ گیا اب اس کی قضا ضروری ہے۔ کوئی ایسی چیز جس کو کھایا پیا نہیں جاتا جیسے لکڑی یا کسی قسم کی دھات کا ٹکڑا وغیرہ نگل لیا تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضا ضروری ہے اگر کوئی ایسی چیز کھایا نگل لی جو کہ کھائی جاتی ہے یا دوائی کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ تو اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضا کے ساتھ ساتھ کفارہ بھی لازم آتا ہے۔ اسی طرح جان بوجھ کر روزہ کی حالت میں ازدواجی تعلقات قائم کرنے سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے نیز قضا اور کفارہ بھی لازم آتا ہے۔

روزہ کا کفارہ یہ ہے کہ ایک غلام آزاد کیا جائے یا پھر ساٹھ روزے متواتر رکھے جائیں کفارہ کے روزوں میں اگر کوئی خلل واقع ہو گیا تو پھر سے گنتی شروع کرنی ہوگی اور اگر روزے رکھنے کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کا کھانا کھلانا ہوگا (آج کل غلام اور باندی نہیں ہوتے اس لئے آخری صورتیں ہی متعین ہیں)

روزہ کی حالت میں فضول باتیں کرنا' لڑائی جھگڑا کرنا' کسی کی غیبت کرنا' لغو کاموں میں مشغول رہنا اور تمام دن بغیر غسل کے رہنا مکروہ ہے۔ یہ تمام چیزیں تو ویسے بھی ممنوع ہیں اور روزہ کی حالت میں ان سے اجتناب اور بھی ضروری ہو جاتا ہے۔

اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھتا تو اسے چاہئے کہ صحت یابی کے بعد چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کرے اسی طرح اگر کوئی عورت حمل سے ہو یا بچہ کو دودھ پلاتی ہو اور روزہ رکھنے سے حمل کو خطرہ ہو یا بچہ کو دودھ صحیح طریقہ سے نہ مل سکتا ہو یا روزہ سے ماں کی اور بچہ کی جان کو خطرہ ہو تو روزہ نہ رکھے اور بعد میں قضا کرے۔ مسافر کے لئے بہتر یہ ہے کہ روزہ رکھے۔ لیکن اسے یا اس کے ساتھیوں کو روزہ رکھنے کی وجہ سے سفر میں کوئی پریشانی لاحق ہونے کا اندیشہ ہو تو پھر روزے نہ رکھے بلکہ گھر لوٹنے کے بعد ان روزوں کی قضا کرے۔ روزے کی حالت میں اچانک طبیعت اتنی خراب ہو گئی کہ جان کو خطرہ لاحق ہو گیا تو ایسی صورت میں روزے کو توڑنا جائز ہے اور بعد میں اس کی قضا کرے۔

خواتین کو مخصوص ایام میں اور حالت نفاس میں روزے رکھنا جائز نہیں ہے اس پر بعد میں روزوں کی قضا ضروری ہے۔

جن وجوہات کی بناء پر روزہ نہ رکھنے کی چھوٹ دی گئی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ایسے افراد کھلے عام کھاتے پیتے رہیں بلکہ انہیں چاہئے کہ وہ گھر میں افراد خانہ کی نظروں سے بچ کر کھائیں کیونکہ مسلمان ہونے کے ناطے رمضان المبارک کا احترام ان پر بھی لازم ہے۔

روزہ کا کفارہ غلام کو آزاد کرنا' متواتر ساٹھ روزے رکھنا یا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا ہے

معاشرتی نظام اور نظام خلافت

اسلام کا معاشرتی نظام عہد حاضر کے تقاضوں کا ساتھ دینے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے

ڈاکٹر اسرار احمد

اسلام کے معاشرتی نظام کے حوالے سے پہلی بات یہ ہے کہ اسلام میں پیدائشی طور پر تمام انسان برابر ہیں۔ گویا کامل انسانی مساوات موجود ہے۔ پیدائشی طور پر نہ کوئی اونچا ہے نہ نیچا' نہ نسل کی بنیاد پر نہ رنگ کی بنیاد پر اور نہ جنس کی بنیاد پر۔ اسلام ہرگز اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ عورت کو مرد سے گھٹیا تصور کیا جائے۔ قرآن حکیم اونچ نیچ کے اس قسم کے ہر تصور کی نفی کرتے ہوئے کہتا ہے ﴿ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ﴾ (آل عمران : ۱۹۵) یعنی تم سب ایک دوسرے ہی سے ہو۔ ایک ہی باپ کے نطفے میں سے اس کا بیٹا بھی ہے اور بیٹی بھی اور ایک ہی ماں کے رحم میں دونوں نے پرورش پائی ہے۔

یہ بات کہنے میں جتنی سادہ ہے دل و جان کے ساتھ اسے تسلیم کرنا اتنا ہی مشکل ہے۔ ہمارے ہاں ہندوؤں کو تو خوب برا بھلا کہا جاتا ہے ان کے ہاں برہمن اور شودر کی معاشرتی تفریق موجود ہے۔ لیکن بالکل اسی طرح ہمارے ہاں مصلی اور سید (سندھ میں امتی اور سید) کی تفریق موجود ہے۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ اسلام اس تقسیم کو کسی درجے میں بھی قبول نہیں کرتا۔ اسلام کا پہلا اصل الاصول سماجی سطح پر کامل انسانی مساوات ہے۔ اسلام کے تصور میں اگر مراتب کا کوئی فرق ہے تو وہ علم اور تقویٰ کے حوالے سے ہے۔ چنانچہ قرآن حکیم میں ارشاد ہے :

"اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تقویٰ (خدا ترسی) میں سب سے زیادہ ہو"۔

